© rasailojaraid.com

زجاجۃ المصابیح | از جناب مولانا ابو الحسنات سید عبد اللہ الحیدر آبادی الحنفی تقطیع کلاں ضخامت ۴۶۴ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت چھ روپے پتہ :- جناب مصنف محلہ حسینی علم جوبلی پوسٹ آفس (۲-۲) ، حیدر آباد دکن۔

یہ کتاب حدیث کی مشہور و متداول کتاب مشکوٰۃ المصابیح کے طرز پر ہے۔ لیکن فرق یہ ہے کہ مشکوٰۃ کے مؤلف خطیب تبریزی شافعی المذہب ہیں اس لئے انھوں نے مسائل کی ترتیب شافعی مذہب کے مطابق ہی رکھی ہے۔ اس کے برخلاف سید عبد اللہ صاحب نے زجاجہ میں مسائل حنفی مسلک کے مطابق ترتیب دیئے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کتاب کی مزید خصوصیات یہ ہیں کہ صحیح بخاری کے طرز پر ہر بڑے عنوان کے بعد قرآن مجید کی متعلقہ آیات نقل کی گئی ہیں۔ مشکوٰۃ میں ایک مسئلہ کے متعلق جو احادیث لائی گئی ہیں ان کو تین فصلوں پر منقسم کیا گیا ہے۔ لیکن زجاجہ میں تمام احادیث بلا فصل ایک ہی جگہ جمع کر دی ہیں۔ جس کے باعث پڑھنے میں تسلسل قایم رہتا ہے اور مسائل بیک نظر معلوم ہو جاتے ہیں۔ پھر احادیث کی توضیح و تشریح مسئلہ متعلقہ کے بارہ میں حنفی مسلک کی وضاحت اور احادیث اور دوسرے ذرائع سے اُس کی تائید ان سب کا ذکر حواشی میں باقاعدہ حوالوں کے ساتھ ہے۔ اس طرح یہ کتاب فنِ حدیث اور مسلک حنفی دونوں کے اعتبار سے ایک نہایت وقیع علمی اور دینی خدمت ہے حق تعالیٰ حضرت مصنف کو اس کا اجر عطا فرمائے عصرِ حاضر میں حضرت الاستاذ مولانا سید محمد انور شاہ الکشمیری کے بعد فاضل مصنف ہندوستان میں دوسرے بزرگ ہیں جنھوں نے مسائلِ حنفیہ کے لئے اس طرح احادیث کا ذخیرہ مرتب کر کے حنفیہ کے دامن کو ایک بڑے داغ سے پاک وصاف کر دیا ہے۔ اس کتاب کی دو جلدیں پہلے شائع ہو چکی ہیں اور برہان میں اُن کا تذکرہ آچکا ہے۔ یہ تیسری جلد ہے جو کتاب القصاص۔ کتاب الحدود۔ کتاب الامارۃ والقضاء اور کتاب الجہاد اور ان سے متعلقہ ابواب پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ مدارسِ عربیہ کے نصاب میں شامل کی جائے۔

ظفر علی خاں | از جناب شورش کاشمیری تقطیع متوسط ضخامت ۲۳۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد چار روپیہ پتہ :- مطبوعات چٹان ۸۸ میکلوڈ روڈ لاہور۔

© rasailojaraid.com